www.KitaboSunnat.com



والوں کو چاہیے کہ لیکھ رام کی نسبت اپنے پرمیشور سے بہت دعا کریں۔ اور ایسا ہی لیکھ رام نے میری نسبت اپنی کتاب میں شائع کر دیا کہ یہ شخص تین برس میں ہیضہ کی بیماری سے فوت ہو جائے گا۔ آخر لیکھ رام اپنے قتل ہونے سے گواہی دے گیا کہ وید خدا کی طرف سے نہیں۔ مکتوبات احمدیہ ج ۲ ص ۳۷۔۳۸۔

وید بمقابلہ قرآن کی بحث مولانا ابورحمت حسنؒ نے اپنی کتابوں میں مفصل کی ہے، جسے ہم انشاء اللہ جلد ہی نذر قارئین کریں گے۔ یہاں اس بات کا ذکر مقصود ہے کہ لیکھ رام کی موت بذریعہ قتل کی پیش گوئی کہیں موجود نہیں ہے۔ ہاں یہ مرزا صاحب نے کہا تھا کہ اسے خوارق عادت عذاب میں مبتلا کیا جائے گا۔ لیکھ رام قتل ہوا، اور قتل ایک معمول کی چیز ہے، روزانہ دنیا میں سینکڑوں قتل ہوتے ہیں، یہ کوئی خارق عادت بات نہیں۔ مولانا محمد حسین بٹالویؒ اور مولانا ثناء اللہ امرتسریؒ وغیرہ نے مفصل بحث کر کے ثابت کر دیا تھا کہ لیکھ رام کی موت کا مرزا کی پیش گوئی سے کوئی تعلق نہیں، اگر تعلق ہے تو اس پیش گوئی کی تکذیب کا تعلق ہے۔ اور جہاں تک لیکھ رام کی پیش گوئی کا تعلق ہے کہ مرزا صاحب تین سال میں ہیضہ سے مر جائے گا، اس سلسلہ میں ہم یہ یاد دلانا چاہتے ہیں کہ مرزا صاحب ۱۹۰۸ء میں بقول خود اور بروایت سسر خود ہیضہ سے آنجہانی ہوئے (دیکھو حیات ناصر)۔ ہاں تین سال میں نہیں بلکہ تیس سال میں۔ لیکن مرزا صاحب کا اپنا ایجاد کردہ فارمولہ ہے کہ پانچ اور پچاس برابر ہیں کیونکہ ان میں صرف ایک نقطہ کا فرق ہے، اسی طرح تین اور تیس بھی بخیال مرزا برابر ہوں گے کیونکہ ان میں بھی ایک ہی نقطہ کا فرق ہے۔ نیز مرزا صاحب، آتھم کے متعلق فرمایا کرتے تھے کہ کیا ہوا، جو وہ پیش گوئی کی مدت (۱۵ ماہ) سے بعد مرا، آخر مرتو گیا۔ بتاؤ اب آتھم کہاں ہے؟ مرزا صاحب کے اس فرمان میں آتھم کے نام کی جگہ مرزا صاحب کا نام لکھ دیا جائے تو عبارت یوں ہو گی: کیا ہوا جو وہ پیش گوئی کی مدت (۳۰ سال) سے بعد مرا، آخر مرتو گیا، بتاؤ اب مرزا کہاں ہے؟ بہاء)

(مرزا صاحب نے لالہ بھیم سین والے خط میں وید کی حقانیت وغیرہ اور شرک کے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے۔ ان موضوعات پر مرزا کے خیالات پر بعدازاں ایک ہندو پنڈت نے بحث کی تھی اور بتایا تھا کہ مرزا صاحب مشرک ہیں۔ موقع کی مناسبت سے ہم یہ مضامین یہاں نقل کرنا چاہتے تھے لیکن طوالت کی وجہ سے انہیں متفرقات میں درج کیا جا رہا ہے۔ بہاء)

❁ نمبر ۹۔ لیکھ رام کا خط بجواب خط مرزا صاحب مرقومہ ۳۱ جولائی ۱۸۸۵ء

مشفقی مرزا غلام احمد صاحب۔ بجواب خط مرقومہ ۳۱ جولائی ۱۸۸۵ء آپ کے عذرات اور بمقابلہ ہر ایک عذر کے تردید مدلل لکھتا ہوں۔

۱۔ عذر اول۔ پہلے اشتہار میں ۲۴ روپیہ دینے کا وعدہ ضرور ہوا ہے مگر پیشگی جمع کر دینے کی شرط نہیں کی تھی چونکہ آپ نے میرے وعدہ کو معتبر نہ سمجھا اور یہ زائد شرط لگائی کہ زر

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



میں نہ لیتے تھے۔ رسالہ مواہب الرحمٰن کے اخیر میں لکھتے ہیں خدا نے مجھے چار بیٹے دیئے۔ حالانکہ ان دو کو ملا کر چھ ہوتے ہیں۔

او بدر! اگر تو واقعی بدر ہے تو اپنے اس الزام کو ثابت کرو۔

(اہل حدیث جلد ۷۔ نمبر ۲۰۔ مورخہ ۶ ربیع الاول ۱۳۲۸ھ مطابق ۱۸ مارچ ۱۹۱۰ء ص: ۴-۶)

قادیانی حضرات نے لکھا:

اہل حدیث ۱۸ مارچ ۱۹۱۰ء میں وزیر آبادی حافظ کی دعوت والے مضمون پر (ثناء اللہ) نے دو صفحہ کا مضمون لکھا اور بڑے فخر سے وزیر آبادی حافظ کے خط کو شائع کیا جس میں اس نے لکھا ہے کہ:

میں نے مرزائیوں کی دعوت نہیں بلکہ عزیز عبدالجبار کو سخت منع کیا ... نہ ان لوگوں سے مصافحہ کیا، نہ ان کی کسی نوع کی خاطر کی۔

مولوی ثناء اللہ صاحب خود ہی بتائیں کہ یہ فعل وزیر آبادی حافظ کا جس پر وہ فخر کرتا ہے قابل ملامت ہے یا قابل تعریف؟ اور کیا مولوی ثناء اللہ صاحب کا یہ مذہب نہیں کہ وہ حضرت مرزا صاحب کے مریدوں کو کافر نہیں کہتا؟ اور ان سے سلام علیکم کرنا اور مصافحہ کرنا درست نہیں جانتا؟

وزیر آبادی حافظ کی دعوت کے واقعہ پر مجھے اس نوٹ لکھنے کی ضرورت نہیں تھی اور نہ میں اس کے مصافحہ سے یا تواضع سے احمدیوں کی رفعت شان یقین کرتا ہوں۔ اگر وہ احمدیوں سے عبوس الوجہ رہتا ہے یا اپنے بیٹے کے مدعو کردہ لوگوں سے اس نے مصافحہ نہیں کیا تو اس سے اس کے اپنے اخلاق کی کمزوری ثابت ہوتی ہے نہ کچھ اور۔ مگر جس حال میں مسلمانوں میں اتحاد کا شائق ثناء اللہ مانتا ہے کہ لا اکراہ فی الدّین قرآن کریم کا ارشاد ہے اور اس پر عمل کرنا چاہیے اور ہر شخص اپنے فہم کیلئے مختار ہے اور موجودہ نفاق اور شقاق نفسانیت کا مسئلہ ہے تو یہ مسئلہ انہیں احمدیوں کے متعلق کیوں بدل جاتا ہے اس لئے میرا حق ہے کہ میں اپنے امرتسری منکر کو لما تقولون ما لا تفعلون پر توجہ دلاؤں۔ اسی ضمن میں ہمارے سلسلہ پر جو دروغ بانی کا الزام لگایا ہے یہ بھی سراسر جھوٹ ہے اسی واقعہ دعوت کے متعلق خود وزیر آبادی حافظ کا خط شہادت دیتا ہے کہ احمدیوں کی دعوت کی گئی پھر جب کہ یہ امر بجائے خود مستحسن تھا برا نہیں تھا تو اس پر اتنی لمبی بحث کی حاجت ہی کیا تھی؟ اگر مولوی ثناء اللہ صاحب نفسانیت سے مخالفت نہیں کر رہے جس کا وہ اعتراف کرتے ہیں تو وہ انصاف سے کہیں کہ انہیں خوش ہونا چاہیے تھا یا نعل در آتش۔ وہ سمجھتے کہ مسلمانوں میں اتحاد کے لئے قدم بڑھایا جا رہا ہے حافظ وزیر آبادی کے سعادت مند بیٹے نے اگر نیکی اور مصالحت اور باپ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بعض السیّارة ان کنتم فاعلین وشروہ بثمنٍ بخسٍ دراھم معدودة وکانوا فیہ من الزّاھدین. (یوسف)

یہ ہر دو آیات مشابہت کو وضاحت سے باطل کررہی ہیں کہ یوسفؑ کے بھائیوں نے اس امر پر اتفاق کرلیا تھا کہ یوسف کوقتل تو مت کرو بلکہ اس کو باپ سے جدا کرکے کسی اندھے کنوئیں میں ڈالو کوئی قافلہ اس کو نکال لیگا۔ پھر جب وہ یوسفؑ کو ایسے کنوئیں میں ڈال آئے اور ایک قافلہ آیا اور اُنہوں نے یوسف کو نکال لیا اور بھائیوں کو اس کی خبر لگی تو اُنہوں نے یوسف کو چند درہم کے عوض فروخت کردیا۔ان آیات سے قتل یوسفؑ کا ارادہ قطعاً نہیں ثابت ہوسکتا اور نہ کپڑے اتارنا اور ننگا کرنا، پھر آپنے یسوع کو مثل یوسف کن آیات سے بیان کرکے یسوع کی تذلیل کو یوسف کی تذلیل پر قیاس کیا ہے۔قرآن شریف تو بحیثیت مصدقا لما معکم دنیا کی تمام کتب مذہبی اور غیر مذہبی پر نازل ہوا ہے نہ دیگر کتب قرآن مجید کی مصدق خدا تعالیٰ کی طرف سے آئی ہیں اور آپ نے مسیح کی تذلیل کا خلاف قرآن شریف اقرار کرلیا ہے ایک معنیٰ سے لعنت میں بھی تذلیل کا مادہ موجود ہے اور تذلیل میں لعنت کا اور مسیح کی نسبت جب آپ نے بھی مثل یہود ونصاریٰ حوالات میں رہنا اور کوڑے اور تمانچے کھانا اور صلیب پر چڑھنا اور کانٹوں کا تاج سر پر رکھنا اور یہودیوں کا تمسخر کرنا اور بھالے مارنا اور مثل مردہ ہونا تسلیم کرلیا اور تمام ذلتوں کا مورد بنادیا تو پھر آپ آیت وجیھاً فی الدّنیا والآخرة۔ کا کیا جواب دینگے کہ اللہ تعالیٰ نے تو مریم علیہ الصلوٰة والسلام سے وعدہ کرلیا ہے کہ یہ لڑکا دنیا اور آخرت میں معزز ہوگا۔آپ انصاف سے فرمادیں کہ اگر انجیل اور دیگر کتب کی روایتیں جو قرآن مجید کے مخالف مسیح کی ذلت میں منقول ہیں سچی مان لی جائیں اور وجیھاً فی الدّنیا والآخرة کو بھی اس کے مقابل رکھا جائے تو پھر مسیح کی دنیاوی عزت اور وجاہت کیا ثابت ہوسکتی ہے اور اس قدر ذلتوں کا متحمل ہوکر عزت اور وجاہت سے کس طرح مانا جاسکتا ہے اور اگر ایسی ذلتوں سے دنیاوی عزت اور وجاہت میں کمی نہیں آتی تو پھر ذلت اور ازالہ حیثیت عرفی کیا چیز ہے اور آپ تو وجیھاً فی الدّ نیا والآخرة کے خلاف مسیح کی تذلیل کے قائل ہوتو پھر آپ کا ایمان اس آیت پر کس طرح ثابت ہوسکتا ہے اور مطھّرك من الّذ ین کفروا میں بھی مسیح کو وعدہ دیا گیا ہے کہ تم تسکین اور اطمینان سے رہو اور اپنے مخالفوں سے کسی قسم کا خوف نہ کرو ہم تمہیں ایسے موذیوں اور ظالموں کی کل ایذاؤں اور تکلیفوں جسمانی اور روحانی سے پاک رکھیں گے بلکہ وہ تم کو مس بھی نہ کرسکیں گے۔اگر کوئی شخص مسیح کے صلیب پر چڑھنے اور دیگر ذلتوں کا قائل ہوتو اوس شخص کا ایمان اس

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



آیت پر کس طرح صحیح ہوسکتا ہے کیوں کہ انّ اللّٰہ لایخلف المیعاد کا وعدہ ہے کہ ہم تم کو مخالفین کی شرارت جسمانی وروحانی سے پاک رکھیں گے اور اذ کففت بنی اسرائیل عنک کو بھی خیال کرو۔ اس کف کا وعدہ محمد علیہ الصلوٰۃ والسلام کو بھی دیا گیا تھا جس طرح اون کے ساتھ پورا ہوا اوسی طرح مسیح کے ساتھ بھی موجود ہے اور مکرو ومکر اللّٰہ واللّٰہ خیر الماکرین کے فائدہ میں بھی غور کرو کہ اگر یہود نے مسیح پر ایسی ذلتوں کا بوجھ ڈالدیا کہ کا لمیت مسیح کو کردیا۔ تو پھر اللہ تعالیٰ کی تدبیر اُن سے بڑھ کر چڑھ کر کیا ہوئے۔ اور ایّدناہ بروح القدس کی تائید کہاں رہ گئی۔ مہربانی فرما کر خوب غور سے بحوالہ قرآن حدیث جواب سے مشرف فرماویں ھو سمّٰکم المسلمین اور خیر خواہ دارین کی طرح جواب سے محروم نہ رکھیں اور نیز اوس اسلام سے بھی مطلع فرماویں کہ جو اسلام مخالفوں کو حقیقی بھائی کی طرح بناتا تھا وہ اسلام زمانہ نبوت اور خلافت میں کیا صورت رکھتا تھا ہمارے زمانہ کا اسلام تو عینی بھائیوں کو بھی دشمن اور مخالف بنارہا ہے گو آپ بھی جب کبھی گورنمنٹ یا کسی مخالف اسلام کے مقابلہ تقریر اور تحریر کرتے ہیں تو فرماتے ہیں کہ ہندوستان میں چھ کروڑ مسلمان اسلام کے مددگار ہیں مگر جب باہم اسلامی فرقوں سے گفتگو ہوتی ہے تو صاف کافر کا فتویٰ دے کر انکے پیچھے نماز وغیرہ سب ناجائز ہوجاتی ہے اور نیز یہ بھی تحریر فرمادیں کہ مرزا صاحب پر ایمان لانے کو جزاً اسلام کس دلیل سے قرار دیا گیا ہے۔

مولانا صاحب ! واللہ باللہ فقیر نے کسی شرارت اور خبث باطنی سے استفسار نہیں کیا بلکہ عین پاک باطنی اور ہمدردی سے جو کچھ لکھا ہے پیش کیا ہے۔

(اہل حدیث جلد ۷۔ نمبر ۲۲/۲۳۔ مورخہ ۲۰/ ۲۷ ربیع الاول ۱۳۲۸ھ مطابق ۱/ ۸ اپریل ۱۹۱۰ء ص: ۱۲-۱۳)

# بدر قادیانی جواب دے

مولانا ثناء اللہ امرتسریؒ بتاتے ہیں کہ ایڈیٹر بدر لکھتا ہے:

''گجرات سے مجھے ایک خط ملا کہ یہاں کوئی حضرت ہیں قدرت ثانی بنتے ہیں یہ ہے، وہ ہے۔ اسی طرح پچھلے دنوں ایک صاحب دکن سے آئے تھے۔ میں حیران ہوں کہ ہمارے احباب نے ایک راستباز مقدس چہرہ دیکھا اس کے نشانات کو ملاحظہ کیا۔ حقیقۃ الوحی کو پڑھا پھر وہ کیوں ایسے معمولی دعووں پر گھبرا اٹھتے ہیں اور کیوں انکار وتسلیم میں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

